# پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن ۲۱۔اے کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

فون نمبر:042-99260194 Email Address:nsunvqf@gmail.com Website:www.pbte.edu.pk

پی بی ٹی ای/این ایس یو/2022/212 مورخہ:۔ 02-09-2022

## امتحانی شیڈول/ڈیٹ شیٹ برائے امتحان پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ (PSDF) 3ماہ دورانیہ یکم جولائی تا 30 ستمبر 2022ء

| سکلز/ٹریڈز | امتحان منعقدہ |
|---|---|
| **ITP 2022(MAHIR)**(834)<br>ا۔فیبرک کوالٹی انسپکٹر 2016 ۲۔گارمنٹ واشنگ ٹیکنیک ۳۔انڈسٹریل سیچنگ مشین آپریٹر 2016<br>**SFDA 2022(UMEED)**(835)<br>ا۔کمپیوٹر ایپلیکیشن ود JAWS ۲۔ہینڈی کرافٹس<br>**SFNMY 22(UMEED)**(837)<br>ا۔کلوز سرکٹ ٹی وی (سی سی ٹی وی) ٹیکنیشن ۲۔کوکنگ &بیکنگ ۳۔کوانٹٹی سروئیر | امتحان مورخہ 27-09-2022<br>بروز منگل بوقت صبح 09:00 بجے<br>منعقد ہوگا۔ |

## ضروری ہدایات

1 i) امتحانی پرچہ کا سیل شدہ لفافہ ادارہ کے پرنسپل سے ممتحن کو موصول ہوگا، جو کہ پرنسپل کی موجودگی میں ممتحن خود کھولے گا اور اس پر ممتحن اور پرنسپل نے دستخط کرنے ہوں گے۔ بصورت دیگر اگر پرچہ کا لفافہ کھلا ہوا ملے تو فوری طور پر اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (سیکریسی) سے رابطہ کریں اور اُنکی دی گئی ہدایات پر عمل کریں معلومات برائے سوالیہ پرچہ جات، مارکنگ شیٹ اور ممتحن رابطہ موبائل نمبر 0300-4099200 ، 0336-1460077 اور معلومات برائے رزلٹ ایوارڈ لسٹ موبائل نمبر 0321-4519653۔

ii) مذکورہ بالا کورسز کے طلباء کا امتحان ان کے اپنے اداروں میں صبح 09:00 بجے شروع ہوگا اور سوالیہ پرچہ پر درج وقت کے مطابق ختم ہوگا۔

Result.pk

iii) **حل شدہ پرچہ جات بمعہ رزلٹ شیٹس کی اصل کاپی اور حاضری چارٹ اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات این ایس یو کمرہ نمبر 38 پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن 21-A کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور دستی وصول کروائیں یا بذریعہ کوریئر سروس ارسال فرمائیں۔** واضح رہے کہ پارسل پر PSDF نمایاں طور پر لکھیں۔

2 تھیوری اور پریکٹیکل کا امتحان بورڈ ہذا کی طرف سے مقرر کردہ ممتحن کے ذریعہ ہوگا۔

3 **غیر حل شدہ زائد پرچہ جات اور دیگر امتحانی میٹریل بنام اسسٹنٹ کنٹرولر (کنڈکٹ-II) 354 کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کو علیحدہ ارسال کریں۔**

4 **Printed Result Evaluation Sheet** (جس پر طالب علم کے کوائف درج ہیں) پر تیار کردہ رزلٹ پر ایگزامینر کا نام، دستخط، تاریخ، موبائل نمبر اور پرنسپل ادارہ کے دستخط و مہر ثبت ہونا لازمی ہے۔

5 **Printed Result Evaluation Sheet** پر اُووررائیٹنگ اور فلیوڈ قابل قبول نہ ہوگا۔

6 طلباء کی حاضری بورڈ رولنمبر کی ترتیب کے مطابق ہی لگوائی جائے اور رولنمبر کے آگے غیر حاضر طلباء کو واضح طور پر **Absent** تحریر کریں اور Result Evaluation Sheet پر بھی فیل/پاس کا اندراج بھی کریں۔

7 ممتحن رزلٹ تیار کرتے ہوئے نمبروں کو اعشاریہ میں درج نہ کریں۔ اعشاریہ کے اندر بنایا گیا رزلٹ قابل قبول نہ ہوگا۔ 0.5 یا اس سے زائد کو ایک نمبر شمار کریں اور 0.5 سے کم نمبر کو نظر انداز کریں۔

8 جابز (Jobs) کی مارکنگ مکمل کر کے ہر جاب پر متعلقہ طالب علم کا رولنمبر لکھ کر تمام جابز متعلقہ ادارہ کے پرنسپل کے پاس جمع کروادیں اور رسید حاصل کر کے رزلٹ شیٹ کے ساتھ منسلک کریں۔ متعلقہ پرنسپل جابز کو اپنے پاس کم از کم 3 ماہ تک محفوظ رکھیں گے۔

9 COVID-19 کے پیش نظر پرنسپل ادارہ بورڈ کی طرف سے امتحان کے سلسلہ میں جاری کردہ درج ذیل SOPs کے مطابق امتحان لیں گے اور متعلقہ سامان PSDF/پرنسپل ادارہ مہیا کریں گے۔

i) ہال اور فرنیچر کی صفائی ستھرائی کو یقینی بنایا جائے گا۔

ii) ایک طالب علم کا دوسرے طالبعلم کے درمیان 6 فٹ کا فاصلہ ہوگا۔

iii) امتحانی ہال میں داخل ہوتے وقت ممتحن اور طلباء کا بخار چیک کیا جائے گا۔

iv) ہر طالبعلم فیس ماسک اور دستانے پہنے گا۔

v) ہر ایک کسی لاپروائی کے بغیر اپنے ہاتھوں کو صاف ستھرا رکھے گا۔

vi) ہر طالبعلم منظور شدہ سٹنگ پلان کے مطابق بیٹھے گا۔

vii) ممتحن امتحانی جوابی کاپی اور سوالیہ پرچہ جات کی ترسیل سے پہلے اپنے ہاتھوں کو صاف ستھرا رکھے۔

viii) ممتحن امتحانی جوابی کاپی اور سوالیہ پرچہ جات طلباء کے سامنے رکھی گئی ٹیبل پر رکھے گا۔

ix) ہر تیس منٹ کے بعد ممتحن اور طلباء اپنے ہاتھوں کو صاف ستھرا کریں گے۔

x) امتحان کے اختتام پر طالبعلم اپنی جوابی کاپی اور سوالیہ پرچہ اپنے سامنے ٹیبل پر رکھ دیں گے۔

xi) ممتحن ہاتھوں پر دستانے پہن کر جوابی کاپی اور سوالیہ پرچہ جات کو میزوں سے اٹھانے کے بعد دستانوں کو بڑی احتیاط سے ضائع کریں۔

**ضروری انتباہ: رزلٹ کی اشاعت کے ایک ماہ کے اندر طلباء کے رزلٹ میں کسی بھی غلطی کی صورت میں بورڈ سے رابطہ کیا جاسکتا ہے مقررہ مدت کے بعد کوئی درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔**

محمد منور حسین

**کنٹرولر امتحانات**

کاپی برائے اطلاع وضروری کاروائی:

1. پی ایس ٹو چیئرمین، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
2. پی اے ٹو سیکرٹری، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
3. پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
4. ڈپٹی کنٹرولرز/اسسٹنٹ کنٹرولرز پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
5. ریسورس پرسن PSDF امتحانات PBTE۔
6. فوکل پرسن PSDF امتحانات PBTE۔
7. ویب ایڈمنسٹریٹر PBTE برائے اپلوڈنگ (Uploading)۔
8. مینجمنٹ اسسٹنٹ مانیٹرنگ اینڈ ایویلیشن (PSDF) 21-A H بلاک ڈاکٹر متین فاطمہ روڈ گلبرگ II، لاہور۔
9. پی آر او PBTE برائے اشاعت بطور خبر۔
10. اکاؤنٹس آفیسر/آڈٹ آفیسر/ASF پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
11. تمام پرنسپل متعلقہ ادارہ جات/متعلقہ ٹریننگ سروس پرووائیڈرز (TSPs) PSDF۔

Result.pk